
# اپنے بچوں کی مدد کریں تاکہ




# وہ پُراعتماد



# ریڈر بن سکیں

پڑھائی کا تحفہ ایک بہترین چیز ہے جو آپ اپنے بچوں کو
دے سکتے ہیں۔ یہ پوری زندگی اُنکے کام آئے گا
سکول اور آئندہ وقت میں بھی



بطور والدین بہت سی آسان چیزیں ہیں اگر آپ
گھر میں وہ کریں گے تو وہ آپکے بچوں کو پُر اعتماد
ریڈر بننے میں بہت مدد کریں گی۔

آپکی رہنمائی کے لیے کچھ خیالات پیش کریں گے جو آپکو
بتا سکتے ہیں کہ کیسے کیا جائے!

# شروعیات شروع سے کریں

بچوں کے پیدا ہونے کے فوراً بعد ہی آپ اپنے بچے میں اچھا ریڈر بننے کی اہلیت کو پروان چڑھا سکتے ہیں



- یہ کرنے کے لیے آپ
- اُن سے باتیں کریں
- اُنکو کہانیاں سُنائیں
- چیزوں کی طرف اشارہ کرتے اُنکے نام بتائیں
- اُنکو گانے اور رائمز سنائیں
- اُنکو مختلف مواد سے بنی ہوئی کتابیں دکھائیں

اُنکو پڑھ کے سنائیں

- الفاظ کے ساتھ کھیلیں.


آپکو بولتا ہوا سن کر وہ زبان کے بیشتر جانتے ہیں. جو چیزیں اُنکے اِرد گرد ہیں اُن میں دلچسپی ظاہر کرتے اُنکے نام جاننے کی کوشش کرتے ہیں آپکو کتابیں پڑھتا دیکھ کر وہ جان جاتے ہیں کہ کتاب کیسے پکڑی جاتی ہے.

# جب وہ سکول کی عمر کو پہنچیں

جب آپ کے بچے بڑے ہو جاتے ہیں تو بھی آپ انکی مدد کر سکتے ہیں. مزے کے ایسے گانے سکھائیں یا ساتھ گائیں جو ان کی دلچسپی کا باعث ہو کیونکہ الفاظ کی ترتیب سیکھ کر یاداشت بہتر بنانے کا باعث بن سکیں




جب آپ کہیں باہر جائیں تو ان الفاظ کی نشاندھی کریں جو آپکو دکانوں سڑکوں اور گاڑیوں پر نظر آتے ہیں یہ آپکے بچوں کی سمجھ میں مدد کرتا ہے کہ پڑھنا بہت ضروری ہے.






# مقامی لائبریری استعمال کریں

اپنے بچوں کو لائبریری لیکر جائیں اور اُنکو تصویروں والی کتابیں منتخب کرنے کا موقع دیں لائبریری مفت میں جوئن کر سکتے ہیں اور بغیر کسی قیمت کے ہزاروں کتابیں رینٹ کر سکتے ہیں۔



شروع میں اپنے بچوں کی دلچسپی کی کتابیں منتخب کریں لیکن پھر مختلف قسم کی کتابوں سے متعارف کروائیں جیسے

- تصویروں والی کتابیں اور کہانیاں
- ٹریڈیشنل کہانیاں جیسے تھری لیٹل پیگز
- معلوماتی کتابیں
- اشعار والی کتابیں
- ایکٹیویٹی والی کتابیں

مختلف قسم کی کتابیں آپکے بچوں کو سکھائیں گی کہ زبان اور تصویروں کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔

# اپنے بچوں کیساتھ پڑھنا۔

جب آپ اپنے بچوں کیساتھ پڑھیں تو اُنکو اسطرح سے بٹھائیں کہ اُنکو الفاظ اور تصویر دونوں دیکھائی دیں ہر کتاب میں کچھ نہ کچھ سیکھنے کے اجزاء ہوتے ہیں اس لئے پڑھنے کا وقت کو خاص دلچسپی کا سبب بنائیں تاکہ آپکے بچے ہر دِن چاھیں کہ وہ پڑھیں۔




آپ تیار رہیں

- اُنکو الفاظ کی طرف اشارہ کریں جو آپ پڑھ رہے ہیں
- جو آپ نے پڑھا ہے اُسکے بارے میں بات چیت کریں
- تصویروں پر بحث کریں اور اشیاء کے نام بتائیں
- اپنے بچوں کو پوچھیں کہ مختلف تصویریں کہاں پر ہیں اور الفاظ جو وہ جانتے ہیں وہ کتاب میں کہاں ہیں
- اگر وہ کوئی سوال کریں تو اُسکا جواب دیں اور جو وہ کہہ رہے ہیں اُسکو سُنیں۔
- جو چیز کے بارے میں آپ پڑھ رہے ہیں بچوں کو یاد دھانی کروائیں کہ اس سلسلے میں اُنکا تجربہ کیا ہے۔

گھر میں یا گاڑی میں "آئی سپائے" جیسی گیمز کھیلنے سے
آپکے بچوں کو الفاظ کا شعور پیدا ہوتا ہے اور اُنکی
جانکاری بڑھتی ہے کہ ہر لفظ کیسا سُنائی دیتا ہے



آپ گھر میں مختلف اشیاء کے اُوپر لیبل لگا سکتے
ہیں یا فریج کے اُوپر لیٹرز کے ساتھ ایسے الفاظ بنا سکتے
ہیں جو آپکے بچوں کے لیے ضروری ہیں جیسا کہ اُنکا نام:
یہ بھی بہت ضروری ہے کہ آپکے بچے گھر میں آپکو مختلف
کتابیں اور میگزینز پڑھتا ہوا دیکھیں۔ یہ اُنکا آپکو
کاپی کرنے کا سبب بنے گا اور وہ آپکو کاپی کرنا چاہیں
گے۔





## پڑھنا سیکھنا - آپ کیسے مدد کر سکتے ہیں

پڑھنا سیکھنا مشکل کام ہے۔ ایک دفعہ آپکا بچہ پڑھنا شروع کر دے تو اسکو ہر روز پڑھنا چاہیئے۔ آپ اپنے بچے کے ساتھ اس وقت پڑھیں جب آپ فارغ ہوں اور اس تجربہ کو انجوائے کر سکیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ دونوں دیکھ سکیں کہ آپ کیا پڑھ رہے ہیں۔



### آپ کریں

- اگر ممکن ہو تو ہر روز پڑھیں
- خوشی کے ساتھ پڑھیں
- پورے دھیان کے ساتھ جہاں خاموشی ہو۔
- صرف تھوڑی دیر کے لیے 5 یا 10 منٹ کیلئے
- جب آپ مطمئن اور فارغ ہوں پھر پڑھیں

جب آپکا بچہ پڑھ رہا ہو تو اسکی حوصلہ افزائی اور تعریف ضرور کریں اور انکو بتائیں کہ وہ کیا چیز درست کر رہے ہیں تاکہ انکو معلوم ہو کہ انہیں بار بار کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

# نئی کتاب پڑھنے سے پہلے تیار ہونا

اگر آپ کر سکتے ہیں تو کوئی بھی نئی کتاب پڑھنے سے پہلے آپ وہ کتاب کے بارے میں اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کریں تاکہ ان کی سمجھ میں آسانی سے کہانی کے بارے میں معلومات آ جائیں اور وہ زیادہ دھیان سے پڑھیں




- کتاب کا اوپر ٹائیٹل اور تصویروں کے بارے میں بات کریں آپکے بچے کو کیا لگتا ہے کہ کتاب کِس چیز کے بارے میں ہوگی
- تصویروں کا اوپر مل کر غور کریں تاکہ وہ جان سکیں کہ کہانی میں کیا ہو سکتا ہے.
- کتاب میں موجود ایسے مشکل الفاظ یا جملوں پر غور کریں جو آپکے بچے کے لیے مشکل ہو سکتے ہیں ان الفاظ کو بار بار دہرائیں تاکہ جب وہ کتاب میں پڑھیں تو ان کو مشکل نہ ہو. یہ آپکے بچے کو نئے الفاظ اور طرزِ بیان سیکھنے میں مدد کرے گا.

# خود مختاری سے پڑھنا

جب آپ کا بچہ پڑھ رہا ہو تو کوشش کریں کہ انکو درمیان میں نہ ٹوکیں اور انکی توضیح کریں لیکن اگر وہ آپ سے پوچھیں تو ہی انکی مدد کریں کئی دفعہ وہ خود ہی اپنی غلطی درست کر لیتے ہیں اگر آپکے بچے کسی وجہ سے رک جائیں تو آپ انکی مدد اس طرح کر سکتے ہیں

- سوچیں کونسے الفاظ صحیح ہونگے.
- تصویروں کو دیکھ کر معمہ حل کریں
- مشکل الفاظ کے پہلے لیٹر پر غور کریں
- الفاظ کے آخری لیٹر کو دیکھیں
- الفاظ تلفظ کیساتھ پڑھنے کی کوشش کریں
- بڑے الفاظ میں چھوٹے الفاظ کو ڈھونڈنے کی کوشش کریں



بچوں کو بہت زیادہ دیر تک مشکل میں نہ رہنے دیں انکو الفاظ جو انکی سمجھ میں نہیں آیا بتا کر دوبارہ پڑھائی کا سلسلہ جاری رکھیں. اگر کتاب بہت مشکل ہو تو کوشش کریں کہ آپ پہلے انکو پڑھ کر سنائیں اور پھر وہ پڑھنے کی کوشش کریں.

# پُر اعتماد ریڈرز

پُر اعتماد ریڈرز پڑھنا پسند کرتے ہیں اور کتابوں کو سمجھ داری سے پڑھ کر اُنکے بارے میں بات کر سکتے ہیں جو کتاب وہ پڑھ رہے ہیں اُنکے بارے میں سوالات کرتے ہیں اور اگر اُنکی سمجھ میں کوئی بات نہ آئے تو بلا جھجک مدد مانگتے ہیں اس لیے جب وہ کتاب پڑھ لیں تو ہمیشہ وقت نکال کر اس کے بارے میں اُن سے بات کریں



اپنے بچوں کو اُنکی پڑھی ہوئی کتاب کے بارے میں سوال کریں اور اُنکو آپ سے بھی سوال کرنے کا موقع دیں

کچھ فائدہ مند سوال یہ ہیں:

- آپکا بہترین حصہ کونسا تھا اور کیوں؟
- کوئی نئے الفاظ تھے کتاب میں جنکی آپکو سمجھ نہ آئی؟
- کتاب کے اندر جتنے کردار تھے کیا آپکو سب کا نام یاد ہیں
- اس صفحے پر کیا کسی کردار کا نام ہے؟
- کہانی کا خاتمہ جیسے ہوا کیا آپکو وہ پسند ہے؟
- آپکو کیا لگتا ہے کہ آئندہ کیا ہوگا؟